# UD–01

## December – Examination, 2021

## B.A. (Part I) Examination

## URDU

### (Ghair Afsanvi Nasr)

## Paper : UD–01

*Time* : ***1½*** *Hours*] [*Maximum Marks* : ***70***

---

ہدایت: اس پرچے کو دو حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ حصہ ''الف'' اور ''ب''۔ ہر حصے کے سامنے مقررہ نمبر تحریر کئے گئے ہیں۔ املا کی درستی کا خیال رکھا جائے۔

(حصہ-الف) 3½×4=14

نوٹ: مندرجہ ذیل سوالات میں سے کوئی چار (4) کے جواب دیجئے۔ جواب تقریباً تیس (30) الفاظ پر مشتمل ہوں۔

1 (i) خاکہ کی تعریف بیان کیجئے۔



(ii) رشید احمد صدیقی کے دو انشائیوں کے نام لکھئے۔

(iii) ''لاہور کا جغرافیہ'' کس کا انشائیہ ہے؟

(iv) ''فیچر'' کس زبان کا لفظ ہے؟

(v) اردو میں صحافت کی ابتداء کب ہوئی ؟

(vi) ابوالکلام آزاد کے خطوط کے مجموعہ کا نام لکھئے۔

(vii) خبر کے کتنے حصے ہوتے ہیں؟

(viii) اردو میں خطوط نگاری کو سب سے زیادہ ترقی کب حاصل ہوئی ؟

(حصہ-ب) 14×4=56

نوٹ: مندرجہ ذیل سوالات میں سے کل چار (4) سوالات کے جوابات زیادہ سے زیادہ 200 الفاظ میں تحریر کیجئے۔

2 مندرجہ ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک کی تشریح سیاق و سباق کے حوالے کے ساتھ کیجئے :

(الف)

ذہن نے ماضی کے اوراق ایک ایک کر کے پلٹنے شروع

کئے ۔طفولیت کا زمانہ یاد آیا۔ جب اقبال کے اشعار پڑھنے کی دوستی کی طرح مزیدار اور جانثار معلوم ہوتے تھے۔ اور خود اقبال کا یہ تصور تھا کہ وہ جو اشعار کہتے ہیں ان ہی میں رہتے بستے ہیں۔ اقبال کی صورت وہی ہوگی جو میرے اپنے تصورات کے عمل سے پیدا ہوئی تھی۔ بہت اچھی سی ، بہت چاہی جانے والی جادوگروں جیسی ، کچھ عجیب سی ۔

(ب)

مچھر بھی یہ سب باتیں دیکھ رہا تھا اور سن رہا تھا اور رات کو ڈاکٹر صاحب کی میز پر رکھے ہوئے پائینر (Pioneer) آکر دیکھتا اور اپنی برائی کے حروف پر بیٹھ کر اس خون کی ننھی ننھی بوندیں ڈال جاتا جو انسان کے جسم سے یا خود ڈاکٹر صاحب سے چوس کر لایا تھا۔ گویا اپنے فایدہ کی تحریر سے انسان کی ان تحریروں پر شوخیانہ ریمارک لکھ جاتا کہ میاں تم میرا کچھ نہیں کر سکتے ۔



3 اردو میں خاکہ نگاری کی تاریخ بیان کیجئے۔

4 سرسید کی ادبی خدمات پر روشنی ڈالئے۔

5 خواجہ حسن نظامی کی طرز تحریر کی خصوصیات لکھئے۔

6 اردو میں انشائیہ کی ابتدا اور ارتقاء پر روشنی ڈالئے۔

7 خطوط نگاری کی خوبیاں بتائیے۔

8 اردو میں ''کالم نویسی'' کے ارتقاء پر روشنی ڈالئے۔

9 سرسید کا مضمون ''اپنی مدد آپ'' کا خلاصہ لکھئے۔